Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 4 Short Questions Test

Q1. سورۃ ال عمران مین کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.

Q2. "آل عمران" کا مطلب کہا ہے.

Ans 1: عمران کے مطلب خاندان ہے

Q3. الفاظ کے معنی تحریر کریں- اقترفتموھا- انفروا- متاع- ثانی اثنین- ایدہ- کلمتہ-

Ans 1: اقترفتموھا- تم نے انھیں کمایا- انفروا- تم نکلو- متاع- سمان، فائدہ ثانی اثنین- دو میں سے دوسرے - ایدہ- اس کی مدد فرمائی- کلمتہ- بات

Q4. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے مین مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q5. غزوہ تبوک سے کیا نتائج حاصل ہوئے؟

Ans 1: غزوہ تبوک کے لیے مسلمانوں کی جنگی مہم جوئی نے اسلامی دعوت کو بہت قوت پہنچائی - مسلمانوں کا عزم اور ہمت دیکھ کر کافروں کے حوصلے پست ہوگئے- یہ دیکھ کر روم کا بادشاہ ہر قل بہت مرعوب ہوا- ایلہ کے رئیس یوھنا نے جزیہ دینا قبول کیا.-تمام حاکموں نے جزیہ دینے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے زیر سایہ رہنے پر آمادگی ظاہر کی- یہ مسلمانوں کی بہت بڑی فتح تھی.

Q6. سورہ التوبہ کے شروع میں تسمیہ(بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیم) کیوں نہیں ہے؟

Ans 1: بسمہ اللہ نے لکھنے کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ اس سورت کا نزول امان کا حکم اٹھالینے کےلیے ہوا اور بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیمہ امان کی تعلیم ہے.

Q7. یوم الفرقان سے کیا مراد ہے.

Ans 1: سورۃ الانفال میں غزوہ بدر کے دن " یوم الفرقان" بھی فرمایا گیاہے- فرقان کا معنی ہے حق اور باطل کے درمیان فیصلہ- اس جنگ میں کفار مکہ کو شکست ہوئی- اور اسلام کی حقانیت ظاہر ہوئی- اس لیے اسے یوم الفران کہا جاتا ہے.

Q8. سورۃ التوبہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

Ans 1: سورۃ التوبہ کا مرکزی مضمون "مشرکین سے اعلان براءت یعنی لاتعلقی کا اظہار ، کفار کا حرم شریف سے نکالا جانا اور منافقین کی رسوائی " ہے.

Q9. سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون کیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون " اہل کتاب کی غلطیوں کا پردہ چاک کرنا اور اہل اسلام کو ان کی زمہ داریوں کا احساس دلانا ہے".

Q10. مندرجہ زیل لفظ کے معنی تحریر کریں- ریب - یقیمون- ینفقون - یوقنون - ام - ختم

Ans 1: ریب - شک یقیمون - وہ قائم کرتے ہیں- ینفقون - وہ خرچ کرتے ہیں- یوقنون - وہ یقین رکھتے ہیں- ام - یا ختم - مہر لگادی